# آن لائن کام کیسے کیا جا سکتا ہے؟

ریحان اللہ والا



بلاگنگ

سوشل میڈیا مینیجر

اکاؤنٹنٹ

پروگرامنگ

ورچوئل اسسٹنٹ

گرافک ڈیزائننگ

# آن لائن کام کیسے کیا جا سکتا ہے؟

ریحان اللہ والا

اس کتاب کو آپ

REHAN.COM/WORKONLINE

سے بھی ڈائون لوڈ کر سکتے ہیں

اس جیسی مزید کتابوں کو ڈائون لوڈ کرنے کے لیے وزٹ کریں

REHAN.COM/BOOKS

# آن لائن کام کیسے کیا جا سکتا ہے ؟

# HOW TO WORK ONLINE?

ایڈیشن________01

قیمت__________75روپے

ISBN–13: 978–1974046843
ISBN–10: 1974046842

**اس کتاب کا فیس بک گروپ جوائن کریں**

facebook.com/WorkOnlineBook

**یہ کتاب amazon.com**

**پر بھی دستیاب ہے**

# پیش لفظ

پچھلے کچھ عرصے سے میری توجہ کا مرکز و موضوع کاروبار ہے اور میری تمام تر توجہ اسی جانب مرکوز ہے کہ اپنے ملک کے لوگوں بالخصوص نوجوانوں کو اپنا کاروبار شروع کرنے کی ترغیب دے سکوں۔ آج جب کہ ہم ایک ایسی صدی میں جی رہے ہیں جہاں ٹیکنالوجی نے دنیا میں ایک انقلاب برپا کر دیا ہے۔ کمپیوٹر، انٹرنیٹ، موبائل، ڈیٹا کی تیز رفتار منتقلی معلومات کا گویا سیلاب امڈ آیا ہے۔ اس پر فیس بک اور دیگر سماجی رابطوں کے ذرائع نے انسان کو ایک دوسرے کے قریب تر کر دیا ہے۔ ایسے میں روائتی طریقۂ کاروبار سے ہٹ کر ایک بالکل منفرد اور جدید طریقۂ آمدن بھی متعارف ہوا ہے۔ مزے کی بات تو یہ ہے کہ اس میں سرمایہ داری تقریباً صفر ہے یا نا ہونے کے برابر۔۔ اور وہ طریقۂ آمدن ہے آن لائن کام! گھر بیٹھے بزنس۔۔۔

اس کتاب میں، میں نے بیان کیا ہے کہ کس طرح کوئی بھی، جی ہاں کوئی بھی گھر بیٹھے انٹرنیٹ کے ذریعے کما سکتا ہے؟ اس کے لیے کیا کیا چیزیں ضروری ہیں؟ میرا تعلق چونکہ انٹرنیٹ کی دنیا سے ہے، اور فیس بک کے توسط سے میں ایسے لوگوں کو جانتا ہوں جنھوں نے انٹرنیٹ کے ذریعے پیسے کمائے اور شاہانہ

طرزِ زندگی اپنائے ہوئے ہیں۔ لہذٰا مجھے یقین ہے کہ میرے اس کتاب میں بیان کیے ہوئے ان چند طریقوں سے آپ بھی اپنا کاروبار شروع کر سکتے ہیں۔

اگر آپ کو یہ کتاب پسند آئے تو اس کتاب کو کسی ایسے شخص کو عطیہ کر دیں جسے آپ اس کا مستحق سمجھتے ہیں۔ کتاب میں کسی موضوع یا خامی کی صورت میں آپ مجھ سے براہِ راست فیس بک پر رابطہ کر سکتے ہیں۔ www.Facebook.com/RehanAllahwala

اپنا خیال کیجئے گا۔

ریحان

السلام علیکم!

کیسے ہیں آپ لوگ؟ ہم ایک نئی سیریز بنا رہے ہیں جس میں آپ سیکھ سکیں گے کہ آپ گھر بیٹھ کر کام کیسے کر سکتے ہیں۔ گھر بیٹھ کر کام کرنے کے لیے جن جن چیزوں کی ضرورت ہوتی ہے وہ میں آپ کو سکھاؤں گا۔ میں کوئی حتمی ٹیچر نہیں ہوں، جتنا میرے پاس علم ہے وہ میں شیئر کر رہا ہوں۔ انشاءاللہ تعالیٰ جو سوالات آئیں گے اُس سے ہم اِس کا ورژن 2 بھی بنائیں گے۔ بعد میں ہم اسے کتابی شکل میں بھی پیش کریں گے۔

سب سے پہلے ہم حساب (Evaluate) لگائیں گے کہ یہ کرنے کے لیے ہمیں سب سے پہلے کیا چیز چاہیئے ہوتی ہے۔ دنیا میں جو سب سے اہم (Important) چیز جو آپ کو کوئی بھی کام کرنے سے پہلے چاہیئے ہوتی ہے وہ آپ کو مائنڈ سیٹ چاہیئے ہوتا ہے کہ

ہاں ۔۔ میں کامیابی حاصل کروں گا۔

ہاں ۔۔ میں کوشش کروں گا۔

ہاں ۔۔ میں یہ کام کر سکتا ہوں۔

اگر آپ کو اپنے پر یقین نہیں ہوگا تو آپ وہ کام نہیں کر سکیں گے۔ اور ایک بہت ہی پرانی کہاوت ہے۔۔۔

If You Think You Can, You Are Right And If You Think You Cannot, You Are Also Right

"اگر آپ سمجھتے ہیں کہ آپ کوئی بھی کام کر سکتے ہیں تو
آپ بالکل ٹھیک ہیں۔ اور اگر آپ یہ سمجھتے ہیں کہ آپ
کوئی بھی کام نہیں کر سکتے تو بھی آپ ٹھیک ہیں۔"

کیوں کہ آپ نے خود ہی فیصلہ کر لیا ہے کہ آپ یہ کام نہیں کر سکتے تو واقعی آپ یہ کام نہیں کر سکتے۔ اور اگر آپ نے یہ فیصلہ کر لیا ہے کہ آپ یہ کام کر سکتے ہیں تو کونسی دنیا کی طاقت آپ کو روک سکے گی۔ کیوں کہ لاکھوں لوگ یہ کام کر رہے ہیں تو آپ بھی کر سکتے ہیں۔ اس میں کوئی راکٹ سائنس تو ہے نہیں۔ صرف سیکھنے کا کام ہے۔ اور ہر کام کو پہلے سیکھنا پڑتا ہے۔ سیکھنے کے بعد پریکٹس کرنی پڑتی ہے اور پریکٹس کرنے کے بعد اُس میں عظیم بننا پڑتا ہے۔ جب آپ اُس میں عظیم بن جاتے ہیں تو اُس کے بعد آپ کے پاس کام آنا شروع ہو جاتا ہے۔ جس طرح ایک بچہ پہلے کرول ( گھٹنوں کے بل چلنا ) کرتا ہے۔ پھر اُس کے بعد چلنے کی کوشش کرتا ہے۔ اس دوران وہ گرتا رہتا ہے، گرتا رہتا ہے لیکن اُس کے



ماں باپ اُسے یہ نہیں کہتے کہ چونکہ آپ گر رہے ہیں لہٰذا آپ چلنا بند کر دیں بلکہ وہ آہستہ آہستہ چلنا شروع ہو جاتا ہے۔اور پھر وہ جب تھوڑا سا اور بڑا ہو جاتا ہے تو وہ بھاگنا شروع کرتا ہے۔ بھاگنا شروع کرتا ہے تو بالآخر اُس میں وہ ایتھلیٹ بن جاتا ہے، ایکسپرٹ ہو جاتا ہے اور وہ کوئی بھی چیز جیت جاتا ہے۔ بچہ پیدا ہونے سے لیکے ایتھلیٹ بننے تک لمبا سفر ہوتا ہے اور اُس لمبے سفر کے اندر جب تک آپ پریکٹس، پریکٹس ، پریکٹس نہیں کریں گے آپ اُس میں کامیاب نہیں ہو سکتے۔ بالکل اُس بچے کی طرح کہ وہ اگر روز کی ورزش نہیں کرے گا، باڈی بلڈنگ نہیں کرے گا، صحیح غذا استعمال نہیں کرے گا تو وہ کامیاب نہیں ہوگا۔



آن لائن بزنس بھی یا آن لائن کام بھی بالکل اسی طریقے سے ہے۔ اِس میں کوئی ایسی چیز نہیں ہے کہ آپ نا کر سکتے ہوں لیکن اُس میں محنت آپ کو درکار ہو گی۔ اور ایسی کوئی چیز نہیں ہے کہ آپ نے چٹکی بجائی اور وہ کام ہونا شروع ہو گیا۔ آن لائن بزنس کرنے کے لیے ایسا کوئی آسان طریقہ نہیں ہے۔

## مائنڈ سیٹ ٹھیک کریں:

تو، سب سے پہلے، جیسے کہ میں نے آپ کو بتایا کہ آپ کو اپنا مائنڈ سیٹ ٹھیک کرنا ہوگا کہ ہاں! میں یہ کام کرسکتا ہوں۔اب اِس مائنڈ سیٹ کو کیسے ٹھیک کریں؟ مائنڈ سیٹ کو ٹھیک کرنے کے لیے ہمارے پاس ماحول ہونا چاہیے۔ایسے لوگوں کا ماحول جِن کو خود بھی اس بات پر بھروسہ ہو کہ ہاں یہ کام ہم کرسکتے ہیں۔



# فیس بک گروپس جوائن کریں:




اس ضمن میں فیس بک پر دو گروپس موجود ہیں پاکستانی فری لانسرز کے۔ اِس کے علاوہ شہرِ کراچی کے اندر بہت سارے مختلف گروپ بنے ہوئے ہیں بہت سے علاقوں میں۔ اِن فری لانسرز سے آپ بنفسِ نفیس بھی مِل سکتے ہیں۔ تو فیس بک پر جو گروپس ہیں ان کا نام ہے۔

1) فری لانسرز پاکستان


www.facebook.com/groups/Pakistan.Freelancers.Group

## 2) فری لانسرز پاکستان

www.facebook.com/groups/PakistanFreelancers/

جی ہاں! دونوں گروپس کا نام ایک ہی ہے، لیکن ہیں دو مختلف گروپس، آپ اِن گروپس کو جوائن کر سکتے ہیں۔ جب آپ ان گروپس کو جوائن کر لینگے تو آپ کو سینکڑوں آپ ہی کے جیسے خواہشمند لوگ جو کہ فری لانسنگ کرنا چاہتے ہیں، اُن کا نیٹورک مِل جائے گا۔ اِن گروپس میں آپ تھوڑے دنوں تک کچھ نہ کریں صرف دیکھیں کہ وہ کیا لکھ رہے ہیں، کس طرح سے لکھ رہے ہیں، کیا کر رہے ہیں۔ پھر وہاں گروپ میں آپ ممبرز کی لسٹ میں جائیں اور ایسے لوگ کو جو سمجھ شکل والے لوگ ہوں، اُن کو اپنے فیس بُک میں بطور دوست ایڈ کر لیں۔ اِن لوگوں کو دوست بنانے کے بعد بات چیت کا آغاز کریں۔ انھیں میسج میں سلام لکھ کر بھیجیں۔ ان میں سے کسی ایک کو آپ اپنا مینٹور منتخب کر لیں۔ جب وہ آپ کے مینٹور بن جائیں گے تو وہ آپ کو گائیڈ (رہنمائی) کرتے رہیں گے کہ آپ یہاں اس طرح کر لیں، ایسے کر لیں۔

# فیس بک فری لانسرز گروپس کی ایکٹیویٹیز کی تصویری جھلکیاں








AsiaNet HR
July 24 at 3:01pm

Urgently Hiring!
If you want to increase your expertise in Wordpress and PHP, and searching a platform where you can utilize and polish your skills in Wordpress with learning oriented team then apply at nadiaishaque@pakistanpressfoundation.org
Graduation or Bachelor should be completed, having experience of min 8 month or 1 year, Location is Karachi.

Like Share



CH Junaid Arshad
July 28 at 1:16am

Need a PHP developer

Like Share

View 2 more comments

Ali Mian Yes
Like · July 28 at 8:09pm

Sarfraz Haider Yes I am here for your help
Like · July 28 at 10:44pm



اس کے علاوہ بھی جیسے جیسے ہم آگے بڑھتے رہیں گے، ہم دیکھیں گے کہ آپ کو آپ کے اسکلسز (ہنر) کے لحاظ سے گروپس ملیں گے، اُن گروپس کو بھی آپ جوائن کرلیں کیوں کہ میرے نزدیک کوئی بھی کام کرنے سے پہلے اُس کا نیٹ ورک ہونا آپ کے لیے ضروری ہے۔ وہ نیٹ ورک ایسا ہوتا ہے کہ گویا کہ ایک جال ہے۔ آپ ِگر رہے ہونگے تو اُس جال میں گر رہے ہوں گے نا کہ زمین میں۔ زمین پر گرینگے تو چوٹ لگے گی، تکلیف زیادہ ہوگی۔ جال میں گرینگے تو تکلیف کم ہوگی یا ہوگی ہی نہیں۔ اس طرح آپ کا پروٹیکشن (تحفظ) ہوجائیگا کہ آپ کے جو دوست، بڑے بھائی ہیں وہ آپ کو گرنے سے بچالینگے۔ یہ ہوتا ہے فائدہ نیٹ ورک کرنے کا۔

## انگریزی ضروری ہے!




اس کے بعد آن لائن کام کرنے میں جو سب سے بڑی اور اہم چیز ہے یا اسکل جو آپ کو چاہیئے ہوگی وہ ہے انگریزی۔ اگر انگریزی زبان آپ کو نہیں آتی تو آپ کو بہت زیادہ دقت ہوگی۔ اب انگریزی زبان کیسے سیکھیں؟ تو انگریزی زبان سیکھنے کے بہت سارے طریقے ہیں۔ میں نے جو انگریزی زبان سیکھی وہ اس وقت سیکھی جب میں چھوٹی عمر کا تھا۔ جب میں اپنی چیزوں کے اوپر کام کر رہا ہوتا تھا تو میں ٹی وی پر سی این این (CNN) لگا کر چھوڑ دیتا تھا۔ روزانہ میں دو گھنٹے سی این این (CNN) سنتا تھا جس کا فائدہ یہ ہوا کہ میری انگریزی اور تلفظ امریکیوں کی طرح ہو گئے اور امریکہ میں کوئی مجھ سے پوچھتا کہ آپ نے انگریزی

کیسے سیکھی؟ تو میں برملا کہتا کہ جناب میں نے انگریزی سی این این (CNN) سے سیکھی۔ یہ سن کر لوگ ہنستے ہیں، خوش بھی ہوتے ہیں۔ ان کو سمجھ نہیں آتا تو میں ان کو یہ بات سمجھاتا ہوں۔ کہنے کا مقصد ہے کہ زبان سننے سے آتی ہے۔ ایک بچہ جو بچپن سے سنتا رہتا ہے، سنتا رہتا ہے تو ایک دن وہ بولنا شروع ہو جاتا ہے۔ بالکل اسی طرح سے ہم بڑے ہو جاتے




ہیں تو ہماری سیکھنے کی رفتار کم ہو جاتی ہے۔ طریقہ بہرحال وہی ہے کہ انگریزی سننے سے آئے گی۔ اور کوئی طریقہ نہیں ہے انگریزی سیکھنے کا۔ لہٰذا سننا ایک اہم جز ہو گیا ہے۔

# آن لائن انگریزی سیکھیں:




دوسرا یہ کہ آپ کو بہت ساری ویب سائیٹس مِل جائیں گی جہاں آپ انگریزی سیکھ سکتے ہیں۔ ان میں یوٹیوب(YouTube) بھی ہے جہاں آپ کو بہت سارے کورسسز مل جائیں گے جہاں آپ انگریزی سیکھ سکتے ہیں۔ایک اور ویب سائٹ ہے ،انگلش کلب (www.englishclub.com)۔ یہ تو ہوگئی آن لائن۔ اگر اِس میں بھی آپ اپنا نیٹ ورک اچھا کرلیں، ایسے انگریز دوست بنائیں جِن سے آپ انگریزی میں بات کرسکیں۔ چیٹ (Chat) کرسکیں۔ اسکائپ(Skype) پر کال کرسکیں، ویڈیو کال کرسکیں،تو آپ کو بہت

زیادہ فائدہ ہوگا اُن لوگوں سے انگریزی سیکھنے میں۔ وہ کہتے ہیں نا کہ

## Practice Makes Perfect

زبان سیکھنے کا سب سے آسان طریقہ یہ ہے کہ آپ زبان کی پریکٹس کریں۔ اگر آپ زبان کی پریکٹس نہیں کریں گے تو آپ زبان کو اچھی طرح نہیں سیکھ سکیں گے۔ مجھے اتفاق ہوا



Outside MacDonald in Moscow Russia, in 1994
I was 20 years old

روسی (Russian) زبان پڑھنے کا۔ روسی زبان میں نے پڑھی لیکن مجھے کچھ سمجھ میں نہیں آیا۔ پھر جب میں نے روس (Russia) میں جا کر ایک دو مہینے گزارے تو میں نے بہت ساری روسی زبان سیکھ لی۔ میں

وہاں پر رہا۔ جب میں روس گیا تھا تو اُس زمانے میں خاص طور پر روسی لوگ انگریزی بولتے ہی نہیں تھے۔تو میری روسی زبان اچھی ہو گئی۔ بالکل اُسی طرح میں تھائی لینڈ میں، چین میں گیا اور ان کی زبانیں سنی تو وہاں کی زبانیں پک اپ کرلیں اور میرے نزدیک سب سے آسان یہی طریقہ ہے زبان کو سیکھنے کا کہ ہم ایک ماحول بنالیں۔

## آڈیوبُک سنیں:



اب، ایک تو آپ نے ٹی وی یا آڈیوبُکس استعمال کرنا شروع کردی، سننا شروع کردی۔ چاہے آپ گاڑی میں ہوں، موٹرسائیکل چلا رہے ہوں، سفرکررہے ہوں، اپنے موبائل فون میں آڈیوبُک ڈال لیں اوراس کو سنتے ہوئے چلے جائیں تو جو دورانِ سفر آپ جو کچھ سنیں گے وہ سیکھ بھی لینگے اور زبان بھی آجائے گی۔

اگر آپ کو انگریزی نہیں بھی آتی تب بھی آپ سن لیں کیوں کہ آپ کو بولنا تو آ جائے گا۔ اس کی آوازیں سمجھ میں آنا شروع ہو جائینگی کہ کس طرح سے یہ الفاظ کو ادا کرتے ہیں، کس طرح بولتے ہیں۔ بہت سارے انگریزی کے الفاظ تو اب اردو میں بھی آ گئے ہیں۔ بہت سارے انگریزی کے ایسے الفاظ ہیں جو ہم اب اردو کی بول چال میں استعمال کرتے ہیں۔ تو جب آپ سنتے رہینگے، سنتے رہینگے، سنتے رہینگے تو آپ کے دماغ کو سمجھ آ رہا ہوگا۔ اگرچہ آپ کو سمجھ نہیں بھی آ رہا ہو لیکن اس کی آواز، بولنے کا انداز آپ کے دماغ میں جگہ بنانا شروع کر دیگا۔ سننے سے آپ کو بولنے میں آسانی آئے گی۔

## Google Now کا استعمال کریں:




ایک اوربہت اچھا ٹول دستیاب جس کا نام گوگل ناؤ (Google Now) ہے۔گوگل کے کروم براؤزر (Chrome Brower) یا موبائل میں گوگل ڈال لیں تو اس میں آپ کو ایک مائیک بنا نظر آئے گا۔آپ اُس مائیک کو دبا کر پریکٹس کر سکتے ہیں۔آپ جو بولینگے، مائیک وہ ٹائپ کر دیگا۔تو جب آپ کے بولنے سے کمپیوٹر ٹائپ کر دیگا تو اس کا مطلب ہے کہ کمپیوٹر کو آپ کی بات سمجھ میں آرہی ہے۔اور اگر کمپیوٹر کو آپ کی بات سمجھ میں آرہی ہے تو اس کا مطلب ہے


کہ آپ کی انگریزی ٹھیک ہے۔اور اگر آپ کی انگریزی ٹھیک ہے تو آپ پاس ہو گئے۔انگریزی آپ کے لیے کوئی مسئلہ نہیں ہے۔اگر آپ کسی بڑے شہر میں رہتے ہیں تو وہاں پر پی اے سی سی - (PACC (Pak American Cultural Centre جوائن کر سکتے ہیں، برٹش کاؤنسل (British Council) کو جوائن کر سکتے ہیں۔اس کے علاوہ نجی ادارے ہیں جیسے کہ ڈومینوز،ایوریکا وغیرہ۔اس سے آپ کی انگریزی بہتر ہو جائیگی۔لبِ لباب یہ ہے کہ انگریزی کے بغیر آپ فری لانسنگ نہیں کر سکتے۔کوئی بھی کام آن لائن نہیں کر سکیں گے جب آپکے کسٹمر کو یا آپ کے باس کو آپ کی بات سمجھ ہی نہیں آئے گی تو نہ ہی وہ آپ کو کام دے سکے گا، نہ آپ اس کا کام سمجھ سکیں گے۔

## بین الاقوامی ثقافت کو سمجھیں:



دوسری سب سے بڑی چیز جو آپ کو آنی چاہئے وہ یہ کی انٹرنیشنل کلچر کو سمجھنا ضروری ہے۔ اگر آپ مُلک سے باہر کام کر رہے ہیں۔ ملک سے باہر اپنی سروسز آفر کر رہے ہیں، تو اگر آپ کو، جس ملک میں آپ کام کر رہے ہیں، اس کے کلچر کو آپ نہیں سمجھتے تو آپ کس طریقے سے آگے کچھ کریں گے۔ تو اب سوال یہ ہے کہ اس کو کیسے حاصل کریں۔ اس کو حاصل کرنے کا جو مجھے آسان طریقہ معلوم ہے وہ یہ کہ آپ فیس بک پر جائیں، اور

میری فرینڈ لسٹ کھولیں اور اس میں 500 سے 800 غیر ملکیوں کو اپنے پاس ایڈ کر لیں۔یعنی دوست بنالیں۔جب آپ ان کو ایڈ کریں گے تو آپ کی انگریزی بھی اچھی ہو جائیگی، آپ کو ان سے بات کرنے کا طریقہ بھی آجائے گا، آپ کی کمیونیکیشن اسکل (Communication Skill) بھی اچھی ہوجائیگی۔آپ میں صبر بھی آجائے گا۔آپ کے اندر کلچرل نالج بھی آجائے گی کہ ان ملکوں میں کس طرح سے کام ہوتا ہے۔


Rehan Allahwala
Shahryar
Home 1
Rehan Allahwala
(Rehan dot com)
Friends
Following
Message
Timeline
About
Friends 430 Mutual
Photos
More
Friends
Suggest Friends
All Friends 4,987
Mutual Friends
Recently Added
Current City
Hometown
More
Search Friends
Monis Rahman
244 mutual friends
Khurram Shezad
4,597 friends
Madiha Batool
708 mutual friends
Kaab Ul Ahbar
4,327 friends
Michele Richburg
4,978 friends
Ibad Khan
3,370 friends
Hammad Ul Hassan
373 mutual friends
Indranil Bhukta
3,093 friends
Fahad Younis
767 mutual friends
Osama Ali
4,297 friends
Samar Aslam Rana
314 mutual friends
Muhammad Arif
4,990 friends
Rehan Gazanfar
511 mutual friends
Cassandra Saunders
23 mutual friends
Shmuel Aharon Kam
1,246 mutual friends
Aon Hyder
1,576 mutual friends

دوسری چیز آپ یہ کر سکتے ہیں کہ ٹریول شوز (Travel Show) دیکھیں۔ٹریول کے مختلف شوز ہیں جو کہ آپ ٹریول کی مشہور ویب سائٹ LonelyPlanet.com پر جاکر آپ دیکھ سکتے ہیں۔Lonely Planet کے YouTube چینل پر جاکر ویڈیوز دیکھ سکتے ہیں۔جس بھی شہر میں آپ جانا چاہیں وہاں کی کوئی نا کوئی ٹریول ویڈیو بنی ہونگی وہ آپ دیکھیں تو آپ کو پتہ چلے گا کہ وہاں پر کس طرح کے لوگ رہتے ہیں، کیا کھاتے ہیں، کیا پیتے ہیں۔تو آپ کو اُس شہر کے بارے میں زیادہ سے زیادہ علم آجائے گا۔

یہ وہ دو طریقے ہیں جن کو میں بہت زیادہ استعمال کرتا ہوں کلچرل نالج حاصل کرنے کے لیے۔

# مہارت/ہنر حاصل کریں:



اس کے بعد سب سے اہم چیز، وہ ہے آپ کے اسکلز، آپ کا ہنر۔ کیا وہ چیز ہے جو آپ بیچنے جا رہے ہیں۔ آپ کے پاس وہ کیا صلاحیت ہے جو آپ بیچنے جا رہے ہیں۔ آپ کو اکاؤنٹنگ آتی ہے، آپ کو لکھنا آتا ہے، آپ کو گرافک ڈیزائنگ آتی ہے، آپ کو اینیمیشن آتی ہے، آپ کو ایڈیٹنگ آتی ہے۔۔ کیا ایسا اسکل ہے جو آپ سمجھتے ہیں کہ آپ کمپیوٹر پر بیٹھ کر کر سکتے ہیں۔ جب آپ اُس اسکل کو ڈھونڈ لیں، اپنے اندر پہچان لیں تو آپ اپنے آپ کو پرکھیں کہ بھئی آپ کس چیز میں زیادہ اچھے ہیں۔ اور پھر آپ اُس اسکل کو پالش کریں۔

# کام کرنے کے اقسام:




## 1) ورچوئل اسسٹنٹ

وہ کونسے کام ہیں جو آپ آن لائن کر سکتے ہیں یا وہ کونسی اسکلز ہیں جو آپ آن لائن بیچ سکتے ہیں۔ ان کاموں جو ایک بہت مزیدار کام ہے وہ ہے ورچوئل اسسٹنٹ کا کام۔ ورچائل اسسٹنٹ کا کام ایک ایسا کام ہے جو کہ کوئی بھی کرسکتا ہے جس کو انگریزی آتی ہو، کمپیوٹر چلانا آتا ہو اور وہ اچھا




سیکھنے والا ہو۔اسسٹنٹ کا جو کام ہے اگر آپ کسی کو کسی کام میں اسسٹ کر سکتے ہیں تو آپ ورچوئل اسسٹنٹ بھی بن سکتے ہیں۔ ورچوئل اسسٹنٹ اور فزیکل اسسٹنٹ میں فرق یہ ہے کہ فزیکل اسسٹنٹ کا باس اُس کے سامنے ہوتا ہے ورچوئل اسسٹنٹ میں باس آپ کے سامنے نہیں ہوتا۔ورچوئلی کہیں اور ہوتا ہے۔امریکہ میں ہوسکتا ہے،انگلینڈ میں ہوسکتا ہے،آسٹریلیا میں ہوسکتا ہے۔ان ممالک میں آپ ان کو اسسٹ کرتے ہیں اور اس کام کا معاوضہ وصول کرتے ہیں۔کچھ لوگ فی گھنٹہ کے حساب سے اسسٹنٹ کو رکھتے ہیں، کچھ لوگ ہفتے کے حساب سے رکھتے ہیں، کچھ لوگ پراجیکٹ کی بنیاد پر رکھتے ہیں، کچھ لوگ مہینے کی بنیاد پر لوگ رکھتے ہیں۔میرا تجربہ رہا ہے کہ میں

ہیں۔ کچھ لوگ فی گھنٹہ کے حساب سے اسسٹنٹ کو رکھتے ہیں، کچھ لوگ ہفتے کے حساب سے رکھتے ہیں، کچھ لوگ پراجیکٹ کی بنیاد پر رکھتے ہیں، کچھ لوگ مہینے کی بنیاد پر لوگ رکھتے ہیں۔ میرا تجربہ رہا ہے کہ میں مہینے کی بنیاد پر لوگوں کو ہائر کرتا ہوں۔ میں چاہتا ہوں کہ میرے ساتھ جو بھی لوگ کام کریں وہ طویل مدت تک کے لیے کریں۔ میرے جو فزیکل اسسٹنٹ ہوتے ہیں میں اُن سے بھی ورچوئلی کام کراتا ہوں کیوں کہ میں ملنے میں زیادہ یقین نہیں رکھتا۔ کام کو اسائن کرنے پر زیادہ یقین رکھتا ہوں۔ تو ورچائل اسسٹنٹ کا کام ایک بہت اچھا کام ہے جو کہ کوئی بھی لڑکی، لڑکا آرام سے کر سکتا ہے بانسبت اس اسکلز سیٹ کہ جو میں نے پہلے بیان کی، جس میں ایک انگریزی کی اسکل اور سوشل کلچرل اسکل ہو تو آپ ایک اچھے ورچوئل اسسٹنٹ بن سکتے ہیں۔

## 2)اکاؤنٹنٹ :

جس طرح سے فزیکل اکاؤنٹنٹ ہوتا ہے اُسی طرح سے ورچوئل اکاؤنٹنٹ بھی ہوتا ہے۔تو آپ کسی کے لیے بُک کیپنگ بھی کر سکتے



ہیں۔اگرآپ پاکستان میں ہیں اور پاکستان میں آپ مختلف کمپنیوں کے اکاؤنٹس دیکھتے ہیں بالکل اُسی طریقے سے آپ مختلف کمپنیوں کے اکاؤنٹس انٹرنیشنلی دیکھ سکتے ہیں۔فرق کیا ہوگا؟ فرق یہ ہوگا کہ یہاں آپ کسی سے دس ہزار ماہانہ لے رہے ہونگے جبکہ وہاں آپ پچاس ہزار ماہانہ لے رہے ہونگے۔ یہ سب سے بڑا فرق ہوگا۔اگرآپ پچاس ہزار

ماہانہ لے رہے ہونگے۔ یہ سب سے بڑا فرق ہوگا۔اگر آپ پچاس ہزار کسی سے لینگے تو اُس کے لیے آپ کو کام بھی اچھا کرنا ہوگا۔اس کے لیے میں آپ کو کہوں گا کہ اپنے آپ کو مانجھیں، میچور کریں۔ پھر جب آپ اُس میں ایکسپرٹ ہوجائیں تو پھر مُلک سے باہر بھی کام تلاش کریں۔اور جس طرح سے ہر کام میں پہلے شاگردی کی جاتی ہے، جسے انٹرنشپ کہتے ہیں۔ انٹرنشپ کرتے ہیں، پھر جاب کرتے ہیں، پھر آہستہ آہستہ اُس میں آگے بڑھتے ہیں۔تو شروع میں آپ پچاس ہزار نا مانگیں،ایک سو ڈالر مانگ لیں اور اس کو اچھے سے اچھا کام کر کے دیں تاکہ وہ آئندہ آپ کو زیادہ پیسے دینے میں خوشی محسوس کرے۔ اکاؤنٹنٹ کا زیادہ تر کام اب کمپیوٹر پر ہوتا ہے تو آپ کو بنیادی سافٹ ویئرز آنے چاہئیں جن میں Quick Books ہے اور اس طرح کے جتنے بھی آن لائن اکاؤنٹنٹ کے سافٹ ویئرز وہ آپ کو آنے چاہئیں۔ یہاں ایک بات کو ذہن نشین کرلیں کہ جتنے بھی شعبے ہم یہاں بیان کر رہے ہیں، ان سب میں ’’سیکھنا اور سیکھ کر بھولنا‘‘ والی مشق کرنا لازمی

ہے۔یعنی جو کچھ آپ کو آتا ہے وہ ہوسکتا ہے کہ آپ کو بھولنا پڑے اور دوبارہ کچھ نا کچھ سیکھنا پڑے۔کیوں کی کمپیوٹر کی دنیا میں ہر تھوڑے دن کے بعد کوئی نیا سافٹ ویئر آجاتا ہے،کوئی نئی ٹیکنالوجی متعارف ہوجاتی ہے جس کو آپ کو ڈیویلپ کرنا پڑے۔

### 3) پروگرامنگ:

اس کے بعد آپ پروگرامنگ کی جاب کر سکتے ہیں۔ پروگرامنگ کی جاب آپ گھنٹے کے حساب سے کر سکتے ہیں، ہفتے کے حساب سے کر سکتے ہیں، پراجیکٹ کے حساب سے کر سکتے ہیں۔ پروگرامنگ کی جاب کرنے کے لیے پروگرام آنا ضروری ہے، کوڈنگ آنی ضروری ہے۔ جیسا کہ میں نے پہلے بیان کیا کہ آپ کا اسکل سیٹ کیا ہے۔ آپ کو کوڈ کونسا آتا ہے۔ پی ایچ پی آتی ہے، سی پلس پلس آتا ہے، جاوا آتی ہے یا اور کوئی



زبان آتی ہے۔تو اس کوڈ میں ،جس میں آپ اچھے ہوں، اس کو منتخب کرلیں اور بتائیں کہ میں یہ کوڈ لکھ سکتا ہوں۔اس کے ٹیسٹ بھی آن لائن دستیاب ہیں۔آپ ان ٹیسٹ کو کریں تا کہ آپ کو اپنا اسکل لیول بھی معلوم ہو سکے۔

پروگرامنگ بھی ایک آسان آن لائن کام ہے، خاص کر ان لوگوں کے لیے جو نسبتاً تنہائی پسند ہوتے ہیں۔ پروگرامنگ کے لیے انگریزی کی بھی ضرورت نہیں ہے کیوں کی اس میں آپ کو زیادہ بات نہیں کرنی ہوتی۔ لیکن اگر آپ کو یہی سمجھ نا آئے کہ آپ کو بنانا کیا ہے یہی بات ہو جائے گی کہ مانگا کبوتر تھا، بنا خرگوش دیا۔ یہ تو بہت پریشانی کی بات ہو جائے گی۔تو پروگرامنگ کے لیے بھی آپ کو اتنی انگریزی آنی چاہیئے کہ آپ کو سامنے والے کی بات سمجھ آجائے۔ہاں پروگرامنگ سیکھنے کے لیے آپ کو پروگرامنگ کی ضرورت نہیں ہوتی کیوں کہ بیسک کوڈ ہوتا ہے اور اس میں کسی بھی زبان اتنی اہم نہیں ہوتی ہاں آپ کی میتھ،آپ کی لاجک اچھی ہونی چاہیئے اور اگر آپ، جیسا کہ میں نے پہلے بھی کہا تھا کہ جو بھی کام

سلیکٹ کریں، اس کے اندر آپ کا جنون شامل ہونا چاہیئے۔ اگر آپ کا جنون اس کام میں نہیں ہے، آپ کو مزہ نہیں آتا وہ کام کرنے میں تو آپ بے دلی سے کریں گے۔ اور جب مزہ نہیں آئے گا تو سامنے والا آپ کے کام کی تعریف نہیں کرے گا اور اچھے پیسے بھی نہیں ملیں گے۔

## 4) سوشل میڈیا مینیجر:

آج کل سوشل میڈیا بہت عام ہو گیا ہے تو لوگوں کو ٹوئیٹر مینیجر، فیس بک مینیجر چاہیئے ہوتا ہے جو کہ لوگوں کے لیے فیس بک کو، ٹوئیٹر کو مینیج کر سکے۔ اگر آپ کو فیس بک پسند ہے، ٹوئیٹر پسند ہے، تو آن لائن بہت



سارے کورسسز ہیں www.RehanTraining.com پر بھی بہت سارے کورسسز ہیں جن کو آپ جا کر سوشل میڈیا کے کورسسز کر سکتے ہیں اور ان کو کرنے کے بعد کسی کے لیے سوشل میڈیا مینجر کی جاب کر سکتے ہیں۔

## 5) بلاگنگ:

بلاگنگ یعنی کہ جس طرح اخبار نویسی ہوتی تھی یا اخبار لکھنا ہوتا تھا بالکل اسی طرح بلاگنگ بھی ہے جو کہ کچھ سال پہلے شروع ہوئی۔ اگر کسی سبجیکٹ میں آپکو لکھنے کا شوق ہے تو آپ اس کے بارے میں لکھ سکتے ہیں۔ اس طرح آپ ایک بلاگ بنا سکتے ہیں۔ یہ بلاگ آپ کی پرائیویٹ ویب سائٹ بھی ہو سکتی ہے، blogger.com پر بھی ہو سکتی ہے WordPress پر بھی ہو سکتی ہے۔ اس کے اندر جا کر آپ بہت کچھ لکھ سکتے ہیں اور اس کو لکھنے کے بعد مختلف اشتہارات لگا سکتے ہیں۔ ان اشتہارات کے لگانے کے بعد آپ ان سے آمدنی حاصل کر سکتے ہیں۔ DavidWolfe.com ایک ویب سائٹ میں نے




دیکھی جو کہ ایک پرسنل بلاگ ہے، یہ بالکل ایک اخبار کی طرح کا بلاگ ہے حالانکہ ڈیوڈ وولف کی ویب سائٹ ہے۔ مجھے یقین ہے کہ وہ اپنی اس ویب سائٹ سے بہت سے پیسے کما رہے ہونگے۔ کیونکہ انھوں نے اس ویب سائٹ کو جامع انداز میں بنایا ہے اور چلا رہے ہیں۔ انھوں نے Content Writers رکھے ہیں۔ ان کے لوکھوں کی تعداد میں فالوورز ہیں سوشل میڈیا میں۔ بلاگ لکھنے کے بعد وہ اپنے سوشل میڈیا میں اس کو شیئر کرتے ہیں جس سے انھیں آمدنی حاصل ہو جاتی ہے۔ اس کے علاوہ آپ کا جو Content ہے، وہ مضبوط ہونا چاہئے کیوں کہ اگر اس کام میں آپ پر جنون سوار نہیں ہے تو آپ کی لکھائی میں مزہ نہیں

آئے گا۔

## دیگر آن لائن کام:

ان چیزوں کے علاوہ اور بھی بہت سے کام ہیں جو آپ آن لائن کر سکتے ہیں جس میں ڈراپ شپنگ ہے جو کہ آپ کر سکتے ہیں۔ یہ کام تھوڑا ایڈوانسڈ ہے نسبتاً دوسرے کاموں کے، تو اس لیے میں اس کام کو Recommend نہیں کرونگا لیکن آپ کی معلومات کے لیے میں اسے یہاں بیان کررہا ہوں۔ اس کام کی مزید معلومات کے لیے آپ گوگل کر سکتے ہیں۔

آن لائن اسٹور کھول سکتے ہیں، ای بک پبلشنگ (E-Book Publishing) کر سکتے ہیں، ڈجیٹل پراڈکٹس لانچ کر سکتے ہیں۔ جیٹل پراڈکٹس میں جیسے کہ میری جو پراڈکٹ ہے جس کا نام ہے x D I D، دیکھ سکتے ہیں، HotelManagementSystem.com دیکھ سکتے ہیں،

آن لائن اسٹور کھول سکتے ہیں، ای بک پبلشنگ (E-Book Publishing) کر سکتے ہیں، ڈجیٹل پراڈکٹس لانچ کر سکتے ہیں۔جیٹل پراڈکٹس میں جیسے کہ میری جو پراڈکٹ ہے جس کا نام ہے x D I D،دیکھ سکتے ہیں، HotelManagementSystem.comدیکھ سکتے ہیں، HealthManagementSystem.netدیکھ سکتے ہیں۔۔ یہ ڈیجیٹل پراڈکٹس ہیں کہ کوئی بھی آپ سروس بناتے ہیں۔مثال کے طور پر فیس بک ہے۔ یہ ایک ڈیجیٹل پراڈکٹ ہے۔ E-Book Publishing میں آپ کسی بھی موضوع پر کتاب لکھ سکتے ہیں۔اب آپ یوں کہیں کہ جناب میری تو کوئی بھی Speciality نہیں ہے تو بھائی مثال کے طور پر آپ گوجرانوالہ میں رہتے ہیں تو گوجرانوالہ آپ کی Speciality ہے۔آپ کو پتا ہے کہ کہاں پر اچھا ریسٹورنٹ ہے، کہاں اچھا پارک ہے، کہاں اچھی چیزیں ہیں تو آپ ایک کتاب لکھ دیں اس پر۔انٹرنیٹ کی مدد سے مواد جمع کریں ،اسی موضوع پر پانچ ، چھ کتابیں پڑھیں اور پھر اپنے الفاظ میں ایک کتاب گوجرانوالہ پر لکھ دیں۔اب

جب آپ کتاب لکھیں گے تو وہ 2015 میں لکھیں گے، 2017 میں لکھیں گے یا جب بھی لکھیں گے تو وہ اس وقت کا ایڈیشن ہوگا۔ پرانی کتابیں غیر معمولی ہو جائینگی اور آپ کی کتاب اوپر آجائے گی۔ وہ کتاب آپ پانچ ڈالر میں www.amazon.com پر بیچ سکتے ہیں۔ اب amazon.com پر کتاب کیسے بیچیں؟ اس کے لیے آپ www.CreateSpace.com پر جائیں گے اور وہاں پر جا کر آپ اپنی کتاب اپلوڈ کریں گے، کتاب کا ٹائٹل لگائیں گے اور اس کے بعد کتاب کو پبلش کر دیں گے اور قیمت کا تعین کر دیں گے۔ اس طرح وہ کتاب www.amazon.com پر آجائے گی اور اپنی کتاب کو amazon کے ذریعے دنیا بھر میں بیچ سکتے ہیں۔ آپ اپنی کتاب کا ڈیجیٹل ورژن بھی بیچ سکتے ہیں اور پرنٹ ورژن بھی۔ کتاب بیچنے کی ساری ذمے داری amazon کی ہوگی۔

## آن لائن اسٹور:

www.Daraz.pk ایک سائٹ ہے جہاں پر جا کر آپ اپنا سامان خود بیچ سکتے ہیں۔ فرض کریں آپ اپنے گھر میں کوئی چیز بناتے ہیں، یا بنا سکتے ہیں۔ آپ کی امی کڑھائی جانتی ہیں، یا آپ اچھے کپڑے سی سکتے ہیں، کوئی بھی کام جو آپ فزیکلی کرتے ہیں تو آپ آن لائن اسٹور کھول سکتے ہیں۔ بعض لوگ فیس بک کا پیج بنا کر بھی آن لائن اسٹور چلا رہے ہیں۔ چند دنوں کے بعد فیس بک خود آپ کو یہ آپشن دے دیگا کہ آپ فیس بک پر خود سامان بیچ سکیں گے۔

## فری لانسنگ کی مختلف ویب سائٹس:

فری لانسنگ کرنے کے لیے بہت سارے پلیٹ فارمز بنے ہوئے ہیں جو آپ کی سہولت کے لیے یہاں درج کیے جا رہے ہیں۔

www.fiverr.com

www.upwork.com

www.RehanTasks.com

www.RehanWork.com

www.Freelancer.com

اوپر بیان کردہ ویب سائٹس سب سے زیادہ کامن ویب سائٹس ہیں جو کہ آپ استعمال کر سکتے ہیں۔اس میں جوRehanTask.com اورRehanWork.comہیں وہ نئے پلیٹ فارم ہیں۔ان میں اتنا کام نہیں ہے البتہ Upwork.comاورFiverr.comپر آپ کو زیادہ کام مل جائے گا۔
Upwork.comایک ایسی سائٹ ہے جہاں پر آپ پراجیکٹس کر کے لوگوں کو دے سکتے ہیں۔Freelancer.comپر بھی آپ پراجیکٹس کر کے کما سکتے ہیں۔RehanWork.com بھی ایسے ہی کام کرتی ہے۔ان سائٹس میں جا کر آپ کانٹریکٹس پر لوگوں کو اسائمنٹس لیتے ہیں کہ جناب میں فلاں پراجیکٹ آپ کو دس ڈالر میں کر کے دے دونگا، پانچ سو ڈالر میں کروں گا، ہزار ڈالر میں کرونگا اور کر کے میں آپ فلاں ٹائم کی مدت میں ڈیلیور کر دونگا۔جب آپ پراجیکٹ ڈیلیور کر دینگے تو اس کا معاوضہ آجائے گا۔ ویب سائٹ اپنے سروس چارجز مہنا کر کے بقایا رقم آپ کو ارسال کر دے گی۔آپ اپنی رقم بینک سے نکال سکتے ہیں۔

Fiverr.com اور RehanTasks.com یہ دونوں ایک ہی طرح کی ویب سائٹس ہیں۔ان میں آپ کو فکسڈ پرائز میں کام ملتا ہے۔ پانچ ڈالر میں آپ لوگوں کو کام کر کے دیتے ہیں۔مثال کے طور پر آپ لوگو ڈیزائن کر کے دے سکتے ہیں، گانا گا کر دے سکتے ہیں اور اس طرح کے چھوٹے چھوٹے کام کر کے دے سکتے ہیں۔ یہ Fiverr اور Rehan Task کا طریقہ کار ہے۔Rehan Task کا فائدہ یہ ہے کہ یہ ایک لوکل کمپنی ہے۔ پاکستان میں آپ کو اس کی لوکل پیمنٹ مل جائے گی۔آپ کے بینک اکاؤنٹ میں پیسے براہِ راست آجائیں گے۔جبکہ Fiverr میں آپ کو پیسے PayPal کے ذریعے ملتے ہیں۔

# نوٹس

# نوٹس

# نوٹس

# نوٹس

# نوٹس

# نوٹس

# نوٹس



# کچھ مصنف کے بارے میں ۔۔۔

ریحان اللہ والا Super Technologies Inc. کے بانی وصدر ہیں جو کہ سافٹ ویئر ERP (Enterprise Resource Planning), CRM (Customer Relationship Management) سسٹم کے شعبوں میں مہارت حاصل ہے۔

ریحان اللہ والا نے 13 سال کی عمر میں اپنے پہلے کاروبار کا آغاز Pakistan Computers کے نام سے کیا۔

16 سال کی عمر میں انھوں نے Commodore Computer کے لیے کمپیوٹر ہارڈ ویئر بنائیں جس میں Voice Digitizer, Modem اور Parallel Speed Increasers شامل ہیں۔

1999ء میں انھوں نے امریکہ میں اپنی کمپنی Super Technologies Inc. کا قیام کیا جو کہ آج 1,000 سے زائد ٹیلیفون کمپنیوں کو سافٹ ویئر سروسز فراہم کرتی ہے۔

آج انکی امریکہ، ملائشیا، سنگاپور، دبئی اور پاکستان میں کمپنیاں موجود ہیں۔

ریحان سماجی بہبود اور فلاحی کاموں میں بھی بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے ہیں۔ وہ Rehan Foundation کے بانی بھی ہیں جس کا مشن ہے کہ دنیا سے غربت کا خاتمہ کر دیا جائے۔ اور اسی سلسلے میں وہ اب اپنا زیادہ وقت گزارتے ہیں۔

REHAN UNIVERSITY
SUPER TECHNOLOGIES
Rehan School

RehanUniversity.com Supertec.com RehanSchool.com